PUNJAB
Education Foundation

مراسلہ نمبر: PEF/FAS/CIR/08-2023/304 تاریخ: 18 اگست 2023

محترم سکول مالک (FAS,EVS, NSP)

عنوان: SIS میں موجود بچوں کے کوائف کی درستگی (Data Correction of Students in SIS)

السلام علیکم!

جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ پنجاب ایجوکیشن فاونڈیشن کی جانب سے تمام سکولوں کو SIS Booklet Verified Enrollment کے مطابق ماہانہ ادائیگی کی جاتی ہے اور اسی کے مطابق سالانہ QAT لیا جاتا ہے تاہم حالیہ مانیٹرنگ کے دوران یہ بات سامنے آئی ہے کہ طلباء کا سکول میں موجود ریکارڈ SIS کے ساتھ مطابقت نہیں رکھتا۔ لہذا سکول مالکان کو طلباء کے ریکارڈ کو SIS میں ٹھیک کرنے کی اجازت دی جارہی ہے، جسکے مطابق درج ذیل کوائف کو SIS میں درست کیا جاسکتا ہے:

i. طالب علم کا نام	ii. والد/سرپرست کا نام	iii. والد/سرپرست کا شناختی کارڈ نمبر
iv. طالب علم کی واضح اور حالیہ تصویر	v. کلاس کی تبدیلی یا درستگی	vi. ڈپلیکیٹ (Duplicate) رجسٹریشن نمبر

مزید یہ کہ حالیہ مانیٹرنگ میں یہ بات بھی مشاہدے میں آئی ہے کہ SIS میں موجود بہت سے بچوں کی تصاویر یا تو غلط ہیں یا اتنی پرانی ہیں کہ بچے کی موجودہ شکل سے مشابہت نہیں رکھتیں۔ بچوں کی درست اور حالیہ واضح تصاویر جو کہ نہ ٹیڑھی ہو، نہ دھندلی ہو اور نہ ہی ایک ماہ سے پُرانی ہو، تصویر کا سائز 1x2 انچ سے کم نہ ہو۔ کسی بھی موبائل سے بنائی گئی واضح تصویر بھی قابل قبول ہوگی۔ یاد رہے تصویر دیئے گئے سیمپل کے مطابق ہونی چاہئے۔ مزید برآں جو بچیاں سر پر اسکارف کا استعمال کرتی ہیں اُن کی تصاویر سفید رنگ کے اسکارف کے ساتھ واضح چہرہ کے ساتھ اپ لوڈ کی جائیں۔ واضح تصویر کے لیے موبائل سے اپ لوڈ کرنے سے اجتناب کریں اور لیب ٹاپ یا کمپیوٹر سے اپ لوڈ کرنے کو ترجیح دیں۔ یاد رہے تصویر کا سائز دیئے گئے نمونے کے مطابق ہو۔



اس سلسلے میں درج ذیل نکات واضح رہیں:۔

الف: طلباء کے کوائف کے غلط اندراج کی ذمہ داری سکول مالکان پر ہوگی۔

ب: درستگی کی اجازت 18 اگست 2023 سے 25 اگست 2023 تک ہوگی۔

ج: 25 اگست 2023 کے بعد ڈیٹا لاک کر دیا جائے گا اور کسی قسم کی تبدیلی کی اجازت نہ ہوگی۔

خیر اندیش

ڈائریکٹر (FAS)

Head Office
52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk,
Lahore. Ph: 042-99232791 - 98

Regional Office Rawalpindi
H # 2-A, Main Road,
Gulzar-e-Qaid, Old Airport Road,
Rawalpindi. Ph: 051-5955860

Regional Office Multan
238-B, Model Town, Multan.
Ph: 061-6216399